DEPARTMENT OF URDU

UNIVERSITY COLLEGE OF ARTS & SOCIAL SCIENCES
OSMANIA UNIVERSITY, HYD-500 007.

Organized an Extension Lecture on the topic

"FAIZ AHMED FAIZ KI SHAYERI MEIN MAANVIYAT"

By Dr. Syed Taqi Abedi, Renowned Urdu & Persian Poet & Scholar, Canada.
On 16th December 2023 at Monsieur Earnest Jasper E-Class,
Room No.121, Arts College, O.U.



munsifdaily.in

فیض نے اپنی نظموں سے انسانی قدروں کو عام کیا

جامعہ عثمانیہ میں توسیعی لکچر۔ ڈاکٹر تقی عابدی کا خطاب

حیدرآباد۔ 18 دسمبر (راست) جامعہ عثمانیہ کے شعبہ اُردو کے زیر اہتمام اُردو کے آفاقی شاعر "فیض احمد فیض کی شاعری میں معنویت" کے موضوع پر 16 دسمبر 11 بجے دن ایک توسیعی خطبہ کا اہتمام کیا گیا۔ ممتاز شاعر تخیل حیدر نے فیض احمد فیض کی ایک غزل اور مشہور نظم "مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ" کو ترنم میں سنا کر محفل کا آغاز کیا۔ مہمان اعزازی ڈاکٹر معید جاوید (سابق صدر شعبہ اُردو) نے فیض احمد فیض کی شاعری میں معنویت پر مختصر اور جامع انداز میں روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ فیض احمد فیض بین الاقوامی شہرت کے حامل ایک انقلابی اور حریت پسند شاعر تھے۔ ایک اور مہمان اعزازی پروفیسر ایس اے شکور (سابق صدر شعبہ اُردو) نے اپنے خطاب میں پیش طب کی سیہ پناہ مصروفیتوں کے باوجود بھی ادبی خدمات انجام دینے والی شخصیت ڈاکٹر تقی عابدی کی تحقیق، تصنیف اور ادبی کاوشوں کی ستائش کرتے ہوئے انھیں "سچے اُردو" قرار دیا۔ ڈاکٹر زیبا، انجم (استاذ شعبہ اُردو جامعہ عثمانیہ) نے اس توسیعی خطبہ کے مقرر ڈاکٹر سید تقی عابدی کا تعارف کرواتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر سید تقی عابدی صحت کے طبیب، ادب کے مریض اور اُردو کے وکیل ہیں۔ انہوں نے حیدرآباد سے ایم بی بی ایس، برطانیہ سے ایم ایس اور کینیڈا سے ایلیٹ آرٹ کا میابی سے کیا۔ وہ طرحدار نے کینڈا میں پریکٹیشنر فزیشن ہیں۔ ستم رسیدہ ہوتے اُردو کی سرپرستی کو صرف اپنا فریضہ تصور کرتے ہیں بلکہ انھوں نے ہر طلب میں "سفیر اُردو" کی حیثیت سے اُردو کی نمائندگی کی اور ادب کی شمع کو روشن رکھا۔ ڈاکٹر سید تقی عابدی نے فیض احمد فیض کی شاعری میں معنویت کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فیض نے زندگی کو مختلف زاویوں سے نہ صرف دیکھا اور پرکھا ہے بلکہ انہوں نے قطرے میں دجلہ دیکھا اور اپنے کلام کے ذریعہ ہمیں یہ دکھایا بھی ہے۔ بالخصوص نظموں میں وہ ایک پورے واقعہ کی خارجی کیفیت کو داخلیت کے ساتھ کامیاب و کامران نظر آتے ہیں۔ فیض نے انسانیت اور انسانی قدروں کے پیغام کو اپنی نظموں کے ذریعہ عام کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ مزدوروں، کسانوں اور محنت کشوں کے بڑے ترجمان نظر آتے ہیں۔ ڈاکٹر تقی عابدی نے اپنے اس توسیعی خطبہ میں فیض احمد فیض کی بیشتر نظموں اور غزلوں کے اشعار کے حوالے سے فیض کے خیال کی گہرائی، گیرائی و وسعت فکر اور الفاظ اور استعاروں کی ندرت و جدت پر بھرپور اظہار خیال کیا اور فیض کی شاعری میں معنویت کے موضوع کو کامیابی کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کی۔ پروفیسر سی گنیش (پرنسپل آرٹس کالج و صدر شعبہ اُردو) نے اپنے صدرتی خطاب میں ڈاکٹر سید تقی عابدی کو فیض احمد فیض کی شاعری میں معنویت" کے موضوع پر ان کے معلوماتی لکچر پر اظہار تشکر کیا اور ان کی مثال چینی کی اور مرہم موضوع اور نگہ دست پیش کیا۔ انہوں نے پروفیسر ایس اے شکور اور ڈاکٹر معید جاوید کو مختصر گلدستہ پیش کیا۔ ڈاکٹر مشتاق احمد (استاذ شعبہ اُردو جامعہ عثمانیہ) نے تشریح ادا کیا۔ ڈاکٹر اے آر منظر (اسوسی ایٹ پروفیسر اُردو سنٹرل یونیورسٹی) نے بھی اس پروگرام میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ سلیمہ سلطانہ اور محمد اکبر نے معاونت کی۔